# 22-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر صحت داموودر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ پرائمری ہیلتھ سنٹرس قائم کرنے میں دوردراز کے دیہی علاقوں اور قبائلی علاقوں کو اہمیت دی جائے گی۔

۲۔ ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے الوارجن کے ریمارکس کو نامناسب قرار دیا ہے اور ان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حکومت سے معافی مانگیں۔

۳۔ تلنگانہ پولیس کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر جتندر نے یہ بات صاف کی ہے کہ فلموں کو بڑھاوا دینے سے زیادہ شہریوں کی حفاظت اور سلامتی پولیس کی ترجیح ہے۔

۴۔ حیدرآباد کے پولیس کمشنر سی وی آنند نے کہا ہے کہ عوام میں بیداری پیدا کرنے کی کوششوں کے باوجود سائبر جرائم کی وجہ سے لوگوں کے پیسے سے محروم ہونے کے معاملہ بڑھ رہے ہیں۔

5۔ 18 مئی 2025ء کو ہونے والے جے ای ای اڈوانسڈ امتحان کا شیڈول جاری کردیا گیا ہے۔

○○

ریاست کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس ڈاکٹر جتندر نے کہا ہے کہ ریاستی پولیس کسی گروپ کے خلاف نہیں ہے اور شہریوں کی حفاظت اس کی بنیادی ترجیح ہے۔ انہوں نے کریم نگر ضلع کے کوتہ پلی میں حال ہی میں تعمیر کئے گئے بھروسہ سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈی جی پی نے سندھیا تھیٹر واقعہ کا ذکر کیا اور کہا کہ فلم اسٹارس کو زمینی سطح کے حالات کو سمجھنا چاہیئے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ شہریوں کی حفاظت اور سلامتی پولیس کی ترجیح ہے۔ فلموں کو بڑھاوا دینا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات سماج کے لئے اچھے نہیں ہیں۔ ڈی جی پی نے اس بات کو نمایاں کیا کہ تلنگانہ حکومت عورتوں اور بچوں کی سلامتی کو بہت زیادہ اہمیت دیتی ہے۔ ہر ضلع ہیڈ کوارٹرس میں بھروسہ سنٹرس قائم کئے جارہے ہیں۔ اب تک ایسے 27 سنٹرس کا افتتاح ہوا ہے۔ اداکار موہن بابو کے بارے میں ڈی جی پی جتندر نے کہا کہ قانون اپنا کام کرے گا۔

○○

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ وہ فلمی صنعت کے تعلق سے انتقامی رویہ اختیار کررہے ہیں۔ حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر کوئی سندھیا تھیٹر واقعہ میں ایک عورت کی موت کی مزمت کرتا ہے اور ان کے بیٹے سری تیج کی جلد صحت یابی کے لئے نیک تمناوں کا اظہار کرتا ہے۔ لیکن حکومت یہ معاملہ حل ہونے کے بعد بھی اسمبلی میں مجلس کے ایک رکن کے ذریعہ اس معاملہ کو اٹھا کر دوبارہ ہوا دے رہی ہے۔ بنڈی سنجے نے الزام لگایا کہ اسمبلی پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے فلم انڈسٹری کو نشانہ بنانے کے لئے ایک سازش کی گئی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وزیر اعلیٰ کے ریمارکس کا

مقصد الوار جن کے کردار کو مسخ کرنا ہے۔انہوں نے سوال کیا کہ کیا وزیر اعلیٰ نے کبھی ان گروکل طلبہ کے خاندانوں سے ملاقات کی جن کی سمیت غذا سے موت ہوئی اور کیا انہوں نے ان موتوں کی ذمہ داری قبول کی۔

OO

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج میدک ضلع کا دورہ کیا۔اس دورہ کے دوران انہوں نے کلچارم منڈل میں تلنگانہ اسٹیٹ گرلز سوشیل ویلفیر ریسیڈنشیل جونیر کالج کے طلبہ سے بات چیت کی۔طالب علموں نے اس موقع پر الگ الگ تہذیبی اور روایتی ناچ پیش کئے۔گورنر نے طالب علموں کے سوالوں کے جواب دئے۔انہوں نے بتایا کہ بیڈمنٹن ان کا پسندیدہ کھیل ہے اور وہ سابق نائب صدر جمہوریہ ڈاکٹر سروے پلی رادھا کرشنن کو اپنا آدرش مانتے ہیں۔انہوں نے پڑھنے لکھنے میں اپنی دلچسپی کا ذکر کیا اور کتابوں کو اپنا بہترین دوست قرار دیا۔انہوں نے طالب علموں کی طرف سے سوچ کو جگانے والے سوالوں پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ اس سے وہ بڑے مطمئن ہیں۔رکن پارلیمنٹ رگھونندن راو اور رکن اسمبلی سنیتا لکشما ریڈی بھی اس موقع پر موجود تھے۔گورنر نے رہائشی اسکولوں کے طالب علموں کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا۔

OO

اس سے پہلے گورنر جشنو دیو ورما نے میدک کیتھڈرل چرچ کی 100 سالہ تقریب میں حصہ لیا۔انہوں نے چرچ کے 100 سال پورے ہونے پر خوشی کا اظہار کیا اور حضرت عیسیٰ کی طرح پیار و محبت پھیلانے کی اہمیت پر زور دیا۔

OO

پولیس کمشنر سی وی آنند نے کہا ہے کہ اس سال حیدرآباد کمشنریٹ کے علاقہ میں سائبر جرائم کی وجہ سے شہریوں کا 297 کروڑ روپیوں کا نقصان ہوا۔حیدرآباد کمشنریٹ کی سالانہ میڈیا میٹنگ میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ عوام میں بیداری پیدا کرنے کی کوششوں کے باوجود سائبر جرائم کی وجہ سے لوگوں کے نشانہ بننے اور رقم سے محروم ہونے کے معاملوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ کئی لوگ اپنی عزت کے ڈر سے شکایت کرنے اور آگے آنے میں ہچکچا رہے ہیں۔کمشنر نے یہ بات نوٹ کی کہ 100 نمبر پر شکایتوں پر رسپانس میں بہتری آئی ہے اور حادثہ کے مقام پر پہنچنے کے وقت میں قابل لحاظ کمی آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ رات کے وقت پولیس کی پٹرولنگ میں اضافہ کیا گیا ہے۔کمشنر نے یہ بھی کہا کہ آواز کی آلودگی کے خلاف قدم اٹھائے گئے ہیں اور ان پر عوام کی تائید حاصل ہو رہی ہے۔پچھلے سال کے مقابلہ میں اِس سال ایف آئی آر کی تعداد میں 45 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹے موٹے جرائم کے لئے بھی ایف آئی آر درج کرنے کی وجہ سے یہ اضافہ ہوا ہے۔اغوا کے کیسوں میں 85 فیصد اضافہ ہوا ہے اور موبائل فون کی چوری کے واقعات بہت بڑھ گئے ہیں۔

OO

تلنگانہ اکیڈیمی آف اسکل اینڈ نالج کی طرف سے کل کاماریڈی ضلع ہیڈکوارٹر کے پی جے آر اسپورتی ڈگری کالج میں جاب فیر کا اہتمام کیا

جائے گا۔صدرنشین گرووینڈرریڈی نے یہ اعلان کیا۔دواؤں کی کمپنی میں 300 سے زیادہ عہدوں کو بھرنے کے لئے یہ میلہ لگایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی گروپ سے ڈگری کرنے والے گریجویٹس جاب میلہ میں حصہ لے سکتے ہیں۔

OO

18 مئی 2025ء کو ہونے والے جے ای ای امتحان کا شیڈول ویب سائٹ jeeadv.ac.in پر جاری کردیا گیا ہے۔ جے ای ای مینس میں ٹاپ 2.5 لاکھ رینک حاصل کرنے والے طالب علم اس امتحان کے اہل ہیں۔تلنگانہ میں جے ای ای اڈوانسڈ امتحان کے لئے 13 مرکز قائم کئے گئے ہیں۔ان میں عادل آباد،حیدرآباد،کریم نگر،کھمم،کوداڑ،کوتہ گوڑم،محبوب نگر،نلگنڈہ،نظام آباد،ستوپلی،سدی پیٹ، سوریہ پیٹ اورورنگل شامل ہیں۔آئی آئی ٹی کانپور 23 اپریل سے 2 مئی تک رجسٹریشن قبول کرے گا۔

OO

ریاستی وزیر صحت دامودرراج نرسمہا نے نظام آباد ضلع کے رنجال میں مدر اینڈ چائلڈ ویلفیر ہاسپٹل اور کریٹیکل کیر یونٹ کا افتتاح کیا جسے 39 کروڑ روپے کے خرچ سے تعمیر کیا گیا ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے ریاست بھر میں 170 پرائمری ہیلتھ سنٹرس اور 300 سے زیادہ ذیلی مرکز قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ان سہولتوں کو قائم کرنے کے لئے دوردراز کے دیہی علاقوں اورقبائلی علاقوں کو اہمیت دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ابتدائی صحت دیکھ بھال کو یقینی بنانا چاہئے اور تمام علاقوں کے لوگوں تک قابل رسائی بنانا چاہئے۔اس کے لئے حکومت نے حال ہی میں 213 نئی ایمبولنس گاڑیاں شروع کیں۔

OO

ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کل ایک پریس کانفرنس کے دوران اداکار الوارجن کی طرف سے دئے گئے بیانات کی مذمت کی ہے۔ یادگیری گوٹہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر نے الوارجن کے ریمارکس کو نامناسب قرار دیا اوران سے مطالبہ کیا کہ وہ حکومت سے فوری معافی مانگیں۔وزیر نے یہ بھی اعلان کیا کہ سندھیا تھیٹر جیسے حادثوں کو روکنے کے لئے تلنگانہ میں بینیفٹ شوز پر پابندی لگادی جائے گی۔

OO

منچریال ضلع کی جنارم انچارج فاریسٹ رینج آفیسر سشما راؤ نے کہا ہے کہ محکمہ جنگلات کے عہدیداروں نے کووال ٹائیگر ریسو سے بڑی گاڑیوں کو چاول لے جانے کی اجازت دی ہے۔جنارم اور دنڈے پلی منڈلوں میں چاول کی خریدی کے 86 مرکز ہیں۔یہ اجازت 15 فروری تک کے لئے ہوگی۔

OO

اقلیتی گروپ اسکول کی ایک طالبہ،اسکول کی عمارت کی ریلنگ سے پھسل کر گرنے کی وجہ سے فوت ہوگئی۔یہ حادثہ ظہیرآباد منڈل کے گروکل اسکول میں پیش آیا۔اس بچی کی پہچان 9ویں جماعت کی طالبہ سعدیہ کی حیثیت سے کی گئی ہے جوکل رات کھانا کھانے کے بعد اپنے کمرے کو لوٹتے ہوئے ریلنگ سے پھسل کر گئی اور اسے زخمی آئے۔ظہیرآباد ہاسپٹل میں اس کا شروعاتی علاج کیا گیا اور بعد میں بہتر علاج کے لئے سکندرآباد کے گاندھی ہاسپٹل لے جایا گیا لیکن علاج کے دوران اس کی موت ہوگئی۔پولیس تحقیقات کررہی ہے۔